فوری ریلیز کے لیے: 12/8/2022 | گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے گلیوں کے محفوظ ہونے میں اضافے، ٹریفک سے ہونے والی اموات کو روکنے اور حادثہ کر کے موقعے سے فرار ہوجانے کے واقعات کے خلاف کریک ڈاؤن کے لیے نئے قوانین پر دستخط کیے***

***قانونی مسودہ (A.1007-A/S.2021-A) بلدیات کو رفتار کی حد کو کم کر کے 25 میل فی گھنٹہ تک لانے کا اختیار دیتا ہے***

***قانونی مسودہ (A.3964/S.9163) کار حادثے کی اطلاع دیے بغیر جائے وقوعہ سے چلے جانے پر جرمانے میں اضافہ کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج گلیوں کی حفاظت کو بڑھانے، ٹریفک سے متعلقہ ہلاکتوں کو روکنے اور حادثہ کر کے موقعے سے فرار ہو جانے کے واقعات پر کریک ڈاؤن کرنے کے لیے ایک قانون ساز پیکیج پر دستخط کیے ہیں۔ دو نئے قوانین بلدیات کو رفتار کی حد کو کم کر کے 25 میل فی گھنٹہ تک لانے اور گاڑی کے حادثے کی جائے وقوعہ سے، حادثے کی رپورٹ کیے بغیر چلے جانے پر جرمانے میں اضافہ کرنے کی اجازت دیں گے۔

"نیو یارک کے ہر باشندے کو ہماری گلیوں میں سفر کرتے وقت خود کو محفوظ محسوس کرنے کا حق حاصل ہے، چاہے وہ گاڑی چلا رہے ہوں، سائیکل چلا رہے ہوں یا پیدل چل رہے ہوں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ نئے قوانین بے ترتیب اور غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے بے سبب سانحات اور چوٹوں کو روکنے میں مدد کریں گے۔ آج، ہم نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے اور جانیں بچانے کے لیے دستیاب تمام وسائل کو استعمال کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ کر رہے ہیں۔"

قانونی مسودہ (A.1007-A/S.2021-A) بلدیات کو رفتار کی حد کم کر کے 25 میل فی گھنٹہ تک لانے کی اجازت دے کر ٹریفک سے متعلقہ حادثات اور اموات کو روکنے میں مدد کرے گا۔ تحقیق سے ظاہر ہے کہ تیز رفتار ڈرائیونگ کا حادثے کی صورت میں پیدل چلنے والوں کے لیے زیادہ سنگین چوٹوں اور ہلاکتوں سے باہمی تعلق ہے۔ موجودہ قانون کے تحت، کسی شہر، ٹاؤن یا گاؤں میں پہلے سے طے شدہ زیادہ سے زیادہ رفتار کی حد 30 میل فی گھنٹہ سے کم نہیں مقرر کی جا سکتی۔ رفتار کی حد کو کم کرنے کے لیے بلدیات کو مقامی اختیار دے کر، یہ قانون عوامی تحفظ کو بہتر بنائے گا اور پیدل چلنے والوں کی ہلاکتوں کو روکے گا۔

**ریاستی سینیٹر Rachel May نے کہا،** "ایک سائیکل سوار کی حیثیت سے، میں جانتی ہوں کہ ایسی گلیوں کا استعمال کتنا پریشان کن ہو سکتا ہے جہاں رفتار کی حد بعض اوقات بہت زیادہ ہوتی ہے۔ مجھے فخر ہے کہ ہم مقامی حکومتوں کو ریاست نیو یارک میں ٹریفک ہلاکتوں کو کم کرنے میں مدد کے لیے رفتار کی حد کو کم کرنے کے لیے مزید لچک دینے کے لیے درکار ایک اہم آلہ کار کو منظور کر پائے۔ پیدل چلنے والوں، سائیکل سواروں اور دوسروں کے لیے گلیوں کو محفوظ بنانا خاص طور پر اہم ہے کیونکہ زیادہ سے زیادہ لوگ رہنے اور کام کرنے کے لیے ایسے علاقوں کی تلاش میں ہیں جہاں پیدل چلنا آسان ہو۔"

**رکن اسمبلی Amy Paulin نے کہا،** "رفتار کی حد کم ہونے سے عوام کے تحفظ میں بہتری آتی ہے۔ ریاست بھر کی متعدد کمیونٹیز نے اپنے یہاں رفتار کی حد کم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے جن میں میرے ڈسٹرکٹ کی متعدد کمیونٹیز بھی شامل ہیں۔ بلدیات کو یہ اختیار دیا جانا چاہیے کہ وہ تیز رفتاری سے متعلقہ حادثات کے نتیجے میں ہونے والی اموات اور چوٹوں کی شدت کو کم کرنے کے لیے یہ پیشگی، موثر قدم اٹھائیں۔"

قانونی مسودہ (A.3964/S.9163) گاڑی سے حادثہ کر نے کے بعد حادثے کی اطلاع دیے بغیر موقعے سے فرار ہو جانے پر جرمانے میں اضافہ کر کے ان واقعات میں کمی کرے گا اور عوام کے تحفظ میں اضافہ کرے گا۔ حادثہ کر کے موقعے سے فرار کے واقعات اس وقت بالخصوص خطرناک ہوتے ہیں جب کوئی فرد زخمی ہو اور غلطی کرنے والا ڈرائیور اس کی اطلاع دینے میں ناکام رہے، کیونکہ ہو سکتا ہے اس طرح اس فرد کو ضرورت کے وقت مناسب دیکھ بھال نہ مل پائے۔ یہ قانونی مسودہ جہاں کوئی فرد زخمی ہو، اس جائے وقوعہ سے فرار ہو جانے پر جرمانے کی رینج کو بڑھا کر 750$ تا 1,000$ کر دے گا اور دوبارہ خلاف ورزی پر جرمانے کی رینج کو 1,000$ تا 3,000$ تک بڑھا دے گا۔

**ریاستی سینیٹر Andrew Gounardes نے کہا**، "کسی دوسرے شخص کو اپنی گاڑی سے ٹکر مار کر جائے وقوعہ سے فرار ہونا قابل مذمت ہے۔ آج، میرے بل نے جرمانے کو 3,000$ تک بڑھا کر، حادثہ کر کے موقعے سے فرار ہو جانے والا ڈرائیور بننے کو بہت زیادہ مہنگا بنا دیا ہے۔ اس بل کی حمایت کرنے والوں، قانون سازوں اور کمیونٹی کے اراکین کا شکریہ اور اس پر دستخط کر کے قانون بنا کر نیو یارک کے باشندوں کو ہماری گلیوں میں محفوظ رکھنے کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ۔"

اس سال کے شروع میں، نیشنل ہائی وے ٹریفک سیفٹی ایڈمنسٹریشن ( National Highway Traffic Safety Administration) کی طرف سے جاری کردہ ایک رپورٹ سے معلوم ہوا کہ 2021 کی پہلی ششماہی کے دوران ٹریفک اموات میں 2020 کی پہلی ششماہی سے 18.4 فیصد اضافہ ہوا حالانکہ نیو یارک کے بہت سے باشندے گھر سے کام کر رہے تھے۔ مزید برآں، نیو یارک شہر کے اعداد و شمار سے پتہ چلتا ہے کہ 2022 کے پہلے تین مہینوں کے دوران ٹریفک اموات میں 44 فیصد اضافہ ہوا، جو کہ 2014 میں شہر کے ویژن زیرو پروگرام کے آغاز کے بعد سے کسی بھی سال کا سب سے زیادہ ہلاکتوں والا آغاز ہے۔ حادثہ کر کے موقعے سے فرار ہو جانے کے واقعات پر زیادہ جرمانے عائد کرنے سے، یہ نیا قانون ٹریفک سے متعلق اموات میں اضافے سے نمٹنے اور پوری ریاست کی گلیوں میں حادثات کو کم کرنے میں مدد کرے گا۔

**نیو یارک کی ریاست گیر سائیکل ایڈووکیسی تنظیم نیو یارک بائیسائیکلنگ کولیشن کے ایڈووکیسی چیئر، Daniel Flanzig نے کہا**، "بلدیات کو اپنی گلیوں میں گاڑیوں کی رفتار کم کرنے کے لیے لچک فراہم کرنا ویژن زیرو کی حکمت عملی اور ٹریفک تشدد کو کم کرنے میں ایک بہت بڑا سنگ میل ہے۔ ہم بہت خوش ہیں کہ گورنر Hochul طویل عرصے سے درکار اس تبدیلی کی اہمیت کو سمجھتی ہیں۔ گزشتہ چند سالوں میں ہماری ریاست نیو یارک میں حادثہ کر کے موقعے سے فرار ہو جانے کے واقعات میں غیر معمولی اضافہ دیکھا گیا ہے۔ جرمانے میں اضافہ کرنا غلط رویے کو روکے گا اور ریاست کے ہر کونے میں ہمارے اراکین کی حفاظت میں اضافہ کرے گا۔"

**Amy Cohen جو 2013 میں ایک تیز رفتار ڈرائیور کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے 12 سالہ Sammy Cohen Eckstein کی والدہ ہیں، نے کہا**، "کم رفتار زندگیاں بچاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ NYS سیف اسٹریٹس کولیشن، Sammy کے قانون کے لیے لڑ رہا ہے تاکہ نیو یارک شہر کو رفتار کی اور بھی کم حدیں مقرر کرنے دیا جائے۔ اس لڑائی کو جاری رکھتے ہوئے، ہم آج بہت خوش ہیں کہ گورنر Hochul ایک متعلقہ اقدام پر دستخط کر رہی ہیں تاکہ ایمپائر اسٹیٹ کے دیگر علاقوں کو اپنی گلیوں میں رفتار کی زیادہ محفوظ حدیں طے کرنے کی اجازت دی جا سکے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس سے جانیں بچیں گی اور ہم رکن اسمبلی Paulin اور سینیٹر May کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس کام کو انجام دینے کے لیے مقننہ میں شراکت کی۔ اگلے سال، ہم مکمل کریش وکٹم رائٹس اینڈ سیفٹی ایکٹ پاس کرنے کے لیے پر عزم ہیں جس میں Sammy کا قانون شامل ہے۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418